# FIRST TERMINAL EVALUATION 2023 - 24

**First Language Part 1**

**URDU**

STD VIII | Time : 1 1/2 Hour | Score : 40

**Prepared by :**
**FAISAL VAFA, HST URDU, GHSS CHALISSERY, PALAKKAD**
**9846907761, faisalvafa@gmail.com**

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1. محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے     بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟ (علاّمہ محمد اقبال، شفیع الدین نیّر، اسماعیل میرٹھی) 1

☆ شفیع الدین نیّر

2. صحیح جملہ کون سا ہے؟ a) سسلی گیت گا رہا ہے۔ b) سسلی گیت گا رہے ہیں۔ c) سسلی گیت گا رہی ہے۔ 1

☆ c) سسلی گیت گا رہی ہے۔

3. گروہ سے کیرالا کے تفریحی مقامات کے نام چن کر لکھیے۔ (میسور، کالی کٹ، حیدر آباد، وائے ناڈ) 1

☆ کالی کٹ، وائے ناڈ

4. ملیشیا جانا تو میرے لیے ناممکن ہے۔ یہ کون کہتا ہے؟ (گوپال جی، جولی، سسلی) 1

☆ گوپال جی

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5. جملے غور سے پڑھیے اور ان میں سے شہر کے بارے میں لکھے ہوئے جملے چن کر لکھیے۔ 2

a) دور دور تک پھیلے ہرے بھرے کھیت ہیں۔ b) ہر وقت گاڑیوں کی بھیڑ ہے۔

c) ندی نالے کا پانی صاف ستھرا ہے۔ d) بڑی بڑی عمارتیں اور کارخانے ہیں۔

☆ b) ہر وقت گاڑیوں کی بھیڑ ہے۔ d) بڑی بڑی عمارتیں اور کارخانے ہیں۔

6. مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔ (نظم، کہانی، بیانیہ) 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | ہم کتنے غریب ہیں | آنند | ...................... |
| b | علاّمہ اقبال | بچّے کی دعا | ...................... |

☆ a) کہانی     b) نظم

7. اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے بچپن کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے ۔ 2

a) لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

b) ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

c) ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

☆ b) ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں

ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

8. مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام چن کر لکھیے ۔ (مدن لال، آنند) 2

| | | |
|---|---|---|
| a | ''اب میں سمجھ گیا کہ واقعی ہم کتنے غریب ہیں۔'' | ................. |
| b | ''کیا ان غریبوں کو دیکھ کر تمہیں اپنی دولت مندی کا احساس ہوا؟'' | ................. |

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے ۔ 5x3=15

9. محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچّو ، بچپن خوب صورت زمانہ ہے۔ شعر کی روشنی میں بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے ۔ 3

☆ بچپن محبوب زمانہ ہے۔

بچپن مرغوب زمانہ ہے۔

بچپن بہت پیارا زمانہ ہے۔

بچپن بڑا خوب صورت زمانہ بھی ہے۔

10. آج کل لوگ پیڑ کاٹتے ہیں۔ ندی نالوں میں کچرے ڈالتے ہیں۔ فطرت برباد کرتے ہیں۔

فطرت کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔

بچّو ، فطرت کی حفاظت پر تین نعرے تیار کیجیے۔ 3

جیسے : پیڑ بچاؤ، جان بچاؤ!

☆ ندی نالوں میں کچرے مت ڈالو!

پیڑ ہماری جان ہے۔ پیڑ لگاؤ، فطرت کو بچاؤ!

فطرت کی بربادی مت کرو!

11. بوڑھے گوپال کہتے ہیں کہ چھے سال سے میرا بیٹا ملیشیا میں ہے۔

بچّو، اگر آپ بوڑھے گوپال سے ملے تو کیا کیا پوچھیں گے؟ تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

(اشارے : کہاں، کیا، کب، کیوں)

☆ آپ کہاں رہتے ہیں؟

آپ یہاں اکیلا کیوں بیٹھتے ہیں؟

آپ کا بیٹا کب واپس آئے گا؟

12. روہن کی ماں کہتی ہے، جامن کا پیڑ روہن اور اس کے ساتھیوں کی جان ہے۔

بچّو، پیڑ کاٹنے سے ہمیں کیا کیا مشکلات پیش آتی ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔ 3

☆ پیڑ کاٹنے سے ہمیں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پیڑ نہ ہو تو بارش کی کمی ہو جاتی ہے۔

فضا میں گرمی بڑھ جاتی ہے۔

فطرت برباد ہونے کا سبب بن جاتا ہے۔

13. مونّار کیرالا کا ایک تفریحی مقام ہے۔

a) بچّو، اور دو تفریحی مقامات کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ تفریحی مقام کے بارے میں نوٹ لکھیے۔ 3

☆ a) کاولم اور میسور

b) میسور میرا پسندیدہ تفریحی مقام ہے۔ میسور ریاستِ کرناٹک کی ایک خوب سورت جگہ ہے۔

میسور کی فضا بہت خوش گوار ہے۔ وہاں میسور پیلس، ٹیپّو سلطان کا قلعہ، برنداون گارڈن، چڑیا گھر وغیرہ بہت مشہور ہیں۔

.14 میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو

نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو

یہ دعائیہ نظم کا شعر ہے۔ اس شعر میں بچہّ خدا سے دعا کرتا ہے۔ 3

a) بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) آپ خدا سے کیا کیا دعا کرتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

☆ a) اس شعر کا شاعر ڈاکٹر علاّمہ محمد اقبال ہے۔

b) ہم خدا سے بہت کچھ دعائیں کرتے ہیں کہ اے خدا! ہمیں برائی سے بچادے۔

اے خدا! ہمیں علم کی روشنی دے۔

اے خدا! ہمیں نیک رستے پر چلادے۔

15. ''میرا نام گوپال ہے۔ میں اکیلا رہتا ہوں۔ میرا بیٹا، بہو اور پوتی ملیشیا میں ہے۔''

گوپال اپنے بارے میں کہتا ہے۔

بچّو، آپ اپنے بارے میں لکھیے۔ 3

☆ میرا نام راجو ہے۔

میرا گھر گاؤں میں ہے۔

میرے گھر میں ابا، امّی، بھائی، بہن، دادا اور دادی ہیں۔

میں آٹھویں جماعت میں پڑھ رہا ہوں۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

16. ''ہم کتنے غریب ہیں'' اشوک پورم گاؤں کی کہانی آپ نے پڑھی ہے نا! 4

a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں لکھیے۔

☆ a) آنند اور مدن لال اس کہانی کے دو کردار ہیں۔

b) اس کہانی میں میرا پسندیدہ کردار آنند ہے۔

وہ ایک ہوشیار اور سچّا لڑکا ہے۔

وہ غریبوں کو اچھی طرح سمجھنے والا ہے۔

وہ اپنے ابّا مدن لال سے زیادہ نیک اور اچھا ہے۔

17. آنند، اشوک پورم گاؤں دیکھ کر خوشی خوشی گھر واپس آیا۔ آنند کو دیکھ کر امّی پوچھنے لگی.....

امّی : بیٹا، سفر کیسا تھا؟

امّی اور آنند کی گفتگو آگے بڑھایئے۔ 4

☆ امّی : بیٹا، سفر کیسا تھا؟
آنند : سفر بہت اچھا ہوا امّی۔
امّی : تم دونوں کہاں گئے تھے؟
آنند : ہم اشوک پورم گاؤں گئے تھے۔
امّی : اشوک پورم گاؤں کیسا ہے؟
آنند : اشوک پورم گاؤں بہت خوب صورت ہے امّی جان۔
امّی : وہاں کے لوگ کیسے ہیں؟
آنند : وہاں کے لوگ غریب مزدور ہیں۔ وہ بڑے محنتی اور بڑے مہمان نواز بھی ہیں۔
امّی : ٹھیک ہے بیٹا۔

18. زندگی ہو مری پروانے کی صورت یا رب — علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب
ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا — دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا 4

a) ان اشعار کا شاعر کون ہے؟
b) غریبوں کی حمایت کرنا ہمارا فرض ہے۔ اشعار کی روشنی میں مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

☆ a) ان اشعار کا شاعر ڈاکٹر علاّمہ محمد اقبال ہے۔
b) ان اشعار میں شاعر ایک بچّے کی دعا پیش کرتا ہے۔
بچّہ دعا کرتا ہے کہ یا رب! میری زندگی ایک پروانے کی صورت بنا دے۔
یعنی علم کی شمع سے مجھ کو محبت ہو۔
غریبوں کی حمایت کرنا، دردمندوں اور ضعیفوں سے محبت کرنا میرا کام بنا دے۔

19. آسمان سے باتیں کرنے والے اونچے اونچے پہاڑ، بہتی ہوئی ندیاں۔
اشوک پورم گاؤں کی خوب صورتی دیکھ کر آنند بہت خوش ہوا۔
بچّو، گاؤں کے نظارے کتنے حسین ہیں۔ گاؤں کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔ 4

☆ گاؤں میں دور دور تک پھیلے کھیت ہیں۔
گاؤں کی ندی نالے صاف ستھرے بہہ جاتے ہیں۔
گاؤں کے اکثر لوگ کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ گاؤں بہت خوب صورت ہے۔

20. آپ نے پارک دیکھا ہے نا؟ پارک میں کیا کیا ہے؟ 4

a) پارک سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

b) ان الفاظ کی مدد سے پارک کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

☆ a) پھول، جھولے، فوّارے، خوشنما۔

b) پارک میں رنگ برنگے پھول ہوتے ہیں۔

پارک میں بچّوں کے کھیلنے کے لیے جھولے ہیں۔

پانی کے فوّارے پارک کی خوب صورتی بڑھا رہے ہیں۔

پارک کے نظارے بہت خوشنما ہوتے ہیں۔

21. عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

علاّمہ محمد اقبال اردو کے مشہور شاعر ہیں۔ وہ سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کی شاعری کی زبان سیدھی سادی تھی۔ بانگِ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم ان کی شاعری کے مجموعے ہیں۔ ۱۹۳۸ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا۔

a) علاّمہ اقبال کون ہیں؟

b) علاّمہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

c) ان کی شاعری کی زبان کیسی تھی؟

☆ a) علاّامہ اقبال اردو کے مشہور شاعر ہیں۔

b) علاّمہ اقبال سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔

c) ان کی شاعری کی زبان سیدھی سادی تھی۔

☆☆☆